ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ایمرجنسی کا شعبہ فعال

(نمائندہ خصوصی سے) ضلعی ہیڈکوارٹر ہسپتال میں ایمرجنسی کا شعبہ فعال کر دیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر ڈاکٹر فرحان صدیقی نے فیتہ کاٹ کر شعبے کا افتتاح کیا۔ ایمرجنسی میں 24 گھنٹے ڈاکٹر، نرسیں اور ٹیکنیشن موجود رہیں گے۔ شعبے میں 6 بستروں کا انتظام کیا گیا ہے۔ ایمرجنسی میں ٹراما کیس، حادثات اور ہنگامی طبی امداد کی سہولتیں فراہم کی جائیں گی۔ ڈاکٹر فرحان صدیقی نے کہا کہ ایمرجنسی کا شعبہ فعال ہونے سے ضلع کے دور دراز علاقوں کے مریضوں کو بروقت طبی امداد مل سکے گی۔ انہوں نے کہا کہ ہسپتال میں ادویات کی کمی نہیں ہونے دی جائے گی۔ ایمرجنسی کے انچارج ڈاکٹر عمیر نواز ہوں گے۔ ڈاکٹر عمیر نواز نے کہا کہ شعبے میں ایمرجنسی طبی امداد کے تمام آلات موجود ہیں۔ ڈاکٹر فرحان صدیقی